نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے اگیتی کپاس کی کاشت کیلئے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور:04مارچ2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے امسال 5 ایکڑ یا اس سے زائد رقبہ پر کپاس کی اگیتی کاشت کرنے والے کسانوں کیلئے 25 ہزار روپے مالی اعانت بذریعہ کسان کارڈ فراہم کی جائے گی۔ اس ضمن میں کاشتکار کپاس کی اگیتی کاشت 31 مارچ تک مکمل کر لیں۔ کپاس کی اگیتی کاشت کے لیے فیصل آباد، سرگودھا ساہیوال، ملتان اور ڈیرہ غازی خان ڈویژن کے اضلاع زیادہ موزوں ہیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا کہ اگیتی کاشت کے لیے ٹرپل جین اقسام سی کے سی 01-، سی کے سی-03 اور حتف 3 کاشت کریں۔ کپاس کی اگیتی کاشت کے لیے قطاروں کا باہمی فاصلہ 2.5 فٹ اور پودوں کا باہمی فاصلہ 1.5 تا 2 فٹ رکھیں اور 75 فیصد سے زیادہ اگاؤ والا 4 تا 5 کلو گرام یا 60 فیصد اگاؤ والا 5 تا 6 کلو گرام برا ترا ہوا بیج استعمال کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ اگیتی کاشت سے 50 سے 60 من فی ایکڑ پیداوار حاصل ہوتی ہے لہٰذا کاشتکار کینولہ، آلو، مٹر اور کماد کی برداشت کے بعد خالی ہونے والے رقبوں پر ترجیحاً کپاس کی اگیتی کاشت کر کے بھرپور منافع کمائیں۔

☆☆☆☆☆